© rasailojaraid.com

تبصرے

رسالوں کے خاص نمبر اور نئے رسالے

نقوش کا مکاتیب نمبر جلد اول و دوم مرتبہ جناب محمد طفیل صاحب تقطیع کلاں ضخامت ایک ہزار چالیس صفحات کتابت وطباعت اعلیٰ قیمت عہ روپیہ پتہ: ادارہ فروغ اردو انار کلی لاہور۔

نقوش لاہور کا ادبی مجلہ ہے جو اپنے خاص نمبروں کے لئے بڑا مشہور ہے اب تک اس کے چار خاص نمبر نکل چکے ہیں جو اردو زبان وادب کے حلقوں میں بہت مقبول ہوتے اور بڑی قدر کی نگاہ سے دیکھے گئے ہیں اب اس کا پانچواں نمبر جو دو جلدوں میں ایک ہزار سے زیادہ صفحات پر پھیلا ہوا ہے مکاتیب نمبر کے نام سے شائع ہوا ہے۔ یہ مجموعہ تقریباً اردو کے ڈیڑھ سو اکابر علم وادب جن میں سے اکثر مرحوم ہو چکے ہیں ان کے غیر مطبوعہ خطوط پر مشتمل ہے۔ سلسلہ مرزا غالب سے شروع ہوتا ہے اور مہدی بیگم پر ختم ہوتا ہے۔ شروع میں خطوط۔ خط نگاری۔ اور خط نگاروں کے متعلق اور آخر میں مشاہیر ادب کے زیر عنوان خط نگاروں کے مختصر سوانح حیات پر غلام رسول مہر۔ سید محمد عبداللہ۔ مالک رام اور محمد عبداللہ قریشی کے اہم اور مفید مقالات ہیں ان کے علاوہ چند خطوط مشاہیر حال کے بھی ہیں۔ خطوط کے علاوہ غالب۔ سرسید ان کے رفقاء شبلی۔ حالی۔ آزاد۔ محمد علی وغیرہم اکابر کے فوٹو اور ان کی تحریروں کے عکس بھی اس میں شامل ہیں اس طرح کارکنان نقوش لائق مبارکباد ہیں کہ اُن کی جدوجہد اور محنت وکاوش سے ایک اہم ادبی اور تاریخی دستاویز مرتب ہو گئی جس سے تاریخ ادب اردو کے محققین فائدہ اُٹھائیں گے۔ امید ہے کہ گزشتہ نمبروں کی طرح یہ نمبر بھی سرمہ نظر ارباب ذوق ہوگا۔

شاہراہ ناولٹ نمبر جلد اول | مرتبہ جناب محمد یوسف صاحب جامعی تقطیع کلاں ضخامت ۶۴۱ صفحات کتابت وطباعت بہتر قیمت سات روپیہ پتہ:۔ اردو بازار دہلی نمبر ۶

جیسا کہ نام سے ظاہر ہے یہ خاص نمبر مختلف ناولچوں پر مشتمل ہے اور یہ سب طبعزاد

© rasailojaraid.com